# FORMATIVE ASSESMENT – II (2022 - 23)
## GENERAL SCIENCE
## (Urdu Medium)

20

**Class : VI** **(Max. Marks : 20)** **Time : 45 Mnts**

**Name of the Student:……………………….. Roll No : ….....**

**I صحیح جواب منتخب کیجیے۔** **5X1=5**

1۔وہ جانور جو پودوں اور جانوروں دونوں کو غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ (    )

A)نباتات خور B) گوشت خور C)ہمہ خور D) پھول خور

2۔میری آنکھیں ہیں لیکن دیکھ نہیں سکتا۔میں صرف سن کر غذا اکٹھا کرتا ہوں میں کون ہوں۔ (    )

A)ہمنگ برڈ B)چمگاڈر C)چھپکلی D)سانپ

3۔یہ جاندار غذا کو مخصوص اعضا چسک(Suckers)کے ذریعہ جمع کرتا ہے۔ (    )

A)کیچوا B)مینڈک C)جونک D)چیونٹی

4۔پانڈا اسکیٹر (Pond skater)پانی پر غذا اس کے ذریعہ تلاش کرتے ہیں۔ (    )

A)بو Smell B)بصارت C)قوت سماعت D)پانی کی لہروں کی حرکت

5۔یہ جانور اپنی گہری نظر کا استعمال کرتے ہوئے غذا کو بڑی اونچائی سے تلاش کرتا ہے۔ (    )

A)شیر B)سانپ C)چیل D)چمگاڈر

**II خالی جگہوں کو پر کیجیے۔**

6۔.....................................جگالی کرنے والے جانور کی مثال ہے۔

7۔غذائی زنجیر.......................................سے شروع ہوتی ہے۔

8۔مردہ پودوں اور جانوروں پر نمو پانے والے جاندار.................................ہیں۔

9۔........................................اپنی چونچ کے استعمال سے درختوں کی چھال کو نکال کر چیونٹیوں اور کیڑوں کو کھاتے ہیں۔

10۔ کون کسے کھاتا ہے ؟اس غذائی رشتے کو..................................کہتے ہیں۔

**III تمام سوالات کے جوابات لکھیے۔** **3X2=6**

11۔اگر زمین پر تحلیل کنندے نہ ہو تو کیا ہو گا؟

12۔زبان کے ذریعہ غذا حاصل کرنے والے جانوروں کی فہرست بنایئں ؟

13۔ایک غذائی زنجیر بنایئں جو آپ اپنے علاقے یا جنگل میں دیکھتے ہیں۔

**IV کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔** **4M**

صارفین کو ان کی غذائی عادتوں کی بنیاد پر درجہ بندی کریں اور مثالیں دیں

یا

کتے اور مرغی کے پیر اور ناخنوں کا تقابل کیجیے اور بتایئے کہ وہ مختلف کیوں ہیں ؟

***

# FORMATIVE ASSESMENT – II (2022 - 23)
## GENERAL SCIENCE
## (Urdu Medium)

20

**Class : VII** **(Max. Marks : 20)** **Time : 45 Mnts**

**Name of the Student:……………………….. Roll No : …......**

---

**I تمام سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر سوال کے لیے 1 نشان مقرر ہے۔** 3X1=3

1۔ مظاہر کے مختلف اقسام کونسے ہیں؟ لکھیں؟

2۔ دگر تغذئی تغذیہ سے کیا مراد ہے؟

3۔ میں ایک طفیلی پوداہوں۔ میں ہاسٹوریہ (Haustoria) رکھتا ہوں۔ میں کون ہوں؟

**II تمام سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر سوال کے لیے 2 نشان مقرر ہیں۔** 3X2=6

4۔ ترشوں اور اساس میں فرق لکھیے۔؟

5۔ امیبا میں تغذیہ کو ظاہر کرنے والا ایک فلو چارٹ بنایئے؟

6۔ اگر پودے کے سبز پتوں پر سبز رنگ لگایا جائے تو کیا ہوگا؟

**III تمام سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کے لیے 4 نشانات مقرر ہیں۔** 2X4=8

7۔ آپ اپنے ہضمی نظام کو صحت مند رکھنے کے لیے کونسے احتیاطی تدابیر اختیار کروگے؟

یا

ورم معدے (Gastritis) کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے آپ ڈاکٹر سے کونسے سوالات کروگے؟

8۔ آپ کسطرح ثابت کروگے کہ شعاعی ترکیب کے لیے روشنی ضروری ہے؟

یا

انسانی ہضمی نظام کی صاف ستھری شکل اتار کر حصوں کی نشاندہی کیجیے ؟

**IV تمام سوالات کے جواب لکھیں۔ ہر سوال کے لیے ½ نشان مقرر ہے۔** **6X ½ =3**

9۔ سیب میں کونسا ترشہ پایا جاتا ہے۔ (      )

A) سیٹرک ترشہ B) ٹارٹارک ترشہ

C) میالک ترشہ D) آکزالک ترشہ

10۔ پتوں میں پایا جانے والا سبز رنگ کا صبغہ (Pigment) (      )

A) دہن B) کلوروپلاسٹ C) کلوروفل D) یہ تمام

11۔ نہانے کے صابن میں استعمال کیا جانے والا اساس۔ (      )

A) سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ B) پوٹاشیم ہائیڈروآکسائیڈ

C) چونے کا پانی D) کوئی بھی نہیں

12۔ پتوں کی سطح پر پائے جانے والے چھوٹے چھوٹے سوراخ ہیں۔ (      )

A) دہن B) Lenticel C) A اور B D) کوئی نہیں

13۔ مٹی کی ترشئی خاصیت کو دور کرنے کے لیے کسان.................... اپنے کھیت میں ڈالتے ہیں۔ (      )

A) لیمو کا رس B) کیلشیم آکسائیڈ C) سوڈیم کلورائیڈ D) سلفر ڈائی آکسائیڈ

14۔ غذا کو چیرنے اور پھاڑنے کے لیے کونسے دانت استعمال ہوتے ہیں۔ (      )

A) قاطع دانت B) پیش داڑھ C) داڑھ D) کچلی دانت

***

FORMATIVE ASSESSMENT - II - تشکیلی جانچ 2022-23

VIII CLASS - GENERAL SCIENCE - URDU MEDIUM

20


**45 Min.** **Marks : 20**

طالب علم کا نام.............................................................رول نمبر.......................................

---

**Section-I طبعیات Physical Science (10 نشانات) 4X1/2=2**

☆ معیارات پر مبنی سوالات



شکل 8.4 : پٹرولیم و قدرتی گیس کا ذخیرہ

پٹرولیم اور قدرتی گیس سے بہت سے مفید مادے حاصل کیے جاتے ہیں۔ان مادوں کو پٹرو کیمیکلس کہتے ہیں۔ان مادوں کے ذریعے مال کاٹ (ڈٹرجنٹ)، ریشے جیسے (پولسٹر، نائیلان، ایکرالک) کی تیاری کے ساتھ ساتھ پولی تھین اور دیگر پلاسٹک کی اشیا بھی تیار کی جاتی ہیں۔قدرتی گیس سے حاصل ہونے والی ہائیڈروجن گیس کو کھاد (یوریا) کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔اپنی بری تجارتی اہمیت کی بنیاد پر پٹرولیم کو سیاہ سونا (کالا سونا Black Gold) بھی کہا جاتا ہے۔

1۔ کس کو سیاہ سونا Black Gold بھی کہا جاتا ہے؟ (   )

(a) کوئلہ (b) قدرتی گیس (c) پٹرولیم (d) کول تار

2۔ پٹرولیم کے مختلف اجزاء کو الگ کرنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ (   )

(a) رواں سازی (Ionization) (b) کاربن کاری (Carbonization)

(c) مصفا کرنا (Refining) (d) تدہین (Lubrication)

3- فطرت میں محدود مقدار میں موجود پٹرولیم جیسے وسائل کو کیا کہا جاتا ہے؟ (   )

(a) محدود وسائل (b) ختم ہونے والے قدرتی وسائل

Turn Over

(c) ختم نہ ہونے والے قدرتی وسائل (d) قدرتی وسائل

-4 یہ پٹروکیمیکل شئے Ointment اور Vaseline کی تیاری میں استعمال کی جاتی ہے؟( )

A) bitumen B) lubricating oil
C) paraffin wax D) diesel

-2 Typhoid mary۔ سوسال سے بھی پہلے اخبار میں شائع ہونے والا ایک مقالہ۔ **4X1/2=2**




**Mary Mallon** محض 15 سال کی عمر میں ہجرت کر کے آئر لینڈ سے امریکہ آ گئی۔ 1900-1907 تک محض 15 سال کی عمر میں ہجرت کر کے آئر لینڈ سے امریکہ آ گئی۔ 1900-07 تک اس نے 8 گھروں میں Cook کی حیثیت سے کام کیا۔ اس دوران 51 افراد ٹائفاڈ مرض سے متاثر ہوئے اور اسی مرض کی وجہ سے ایک معصوم لڑکی کا انتقال ہو گیا۔

اعلیٰ عہد یداروں نے **Mary Mallon** کو ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے اس کے فضلہ، خون اور پیشاب کی جانچ کرنے کی کوشش کی تو اس نے تعاون کرنے سے انکار کر دیا۔ اس نے کہا کہ وہ باورچی خانے میں پکانے سے پہلے اپنے ہاتھ اچھی طرح دھو لیتی ہے وہ نہیں سمجھتی کہ وہ اپنے فضلے، خون اور پیشاب کی جانچ ضروری ہے۔ اس کو زبردستی 5 پولیس والوں کے ساتھ قریبی ہسپتال لے جایا گیا اور وہاں اس کے نمونوں کی جانچ کی گئی۔ جانچ سے پتا چلا کہ وہ ٹائفاڈ نامی مرض سے متاثر ہے جب کہ وہ مریض نہیں تھی۔ اعلیٰ عہد یداروں نے اس کو ایک الگ جزیرے پر بھیج دیا تا کہ ٹائفاڈ نامی مرض دوسروں کو بھی متاثر نہ کرے۔ **Mary Mallon** کی موت آخر کار اسی جزیرے میں ہو گئی۔

-5 ٹائیفاڈ کا سبب خرد عضویہ۔ ( )

(A) بیکٹیریا (B) پروٹوزوا (C) فنجی (D) وائرس

-6 Mary نے یہ مرض کئی افراد میں منتقل ہونے کا سبب بنی لیکن وہ خود اس مرض سے متاثر نہیں ہوئی، اس کی وجہ؟

(A) مرض آفریں (B) بردار (C) Fermenter (D) Transmitter

-7 Mary سے دوسروں کو ٹائیفاڈ منتقل ہوئی۔ بذریعے...... ( )

(A) آلودہ ہوا (B) آلودہ غذا اور پانی (C) مچھر (D) راست تعلق

contd..P-3

-8 ہم کو اپنے ہاتھ کب دھونے چاہیے؟ ( )

(i) کھانے سے پہلے (ii) پکانے سے پہلے

(iii) رفع حاجت کو جانے سے پہلے (iv) رفع حاجت کے بعد

i,ii (A) i, ii, iii (B) i, ii, iv (C) i, ii, iv (D)

**-II خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔** **4X1/2=2**

9۔ کوئلہ، پٹرولیم اور قدرتی گیس........................ایندھن ہیں۔

-10 گاڑیوں میں........................ایندھن کے استعمال سے بہت کم آلودگی ہوتی ہے۔

-11 چینی کو الکوہل میں تبدیل کرنے کے عمل کو........................کہتے ہیں۔

-12 نیلگو سبز الجی........................کی تنبیت کر کے زمین کی زرخیزی کو بڑھاتے ہیں۔

**-III مختصر جوابی سوالات** **1x2=2**

**نوٹ : تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔**

13۔ کوک (جھانواں کوئلہ) کی خصوصیات اور استعمالات کیا ہیں؟

-14 خوردعضویوں/خورجسموں (Micro Organisms) کے اہم گروہ کون سے ہیں؟ ہم ان کا مشاہدہ کیسے کر سکتے ہیں؟

**-IV طویل جوابی سوالات۔** **2x1=2**

**نوٹ : کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔**

-15 (a) کوئلہ کیسے بنتا ہے؟

(یا)

(b) ہماری روزمرہ زندگی میں خوردعضویوں کے استعمالات پر ایک مختصر نوٹ لکھیے؟

Turn Over

## علم حیاتیات Biological Science (10 Marks)

**Section-I** **2x1=2**

نوٹ : (1) تمام سوالات کے جواب لکھیے۔ (2) ہر سوال کے لیے 1 نشان مقرر ہے۔

1- میں ایک خامرہ ہوں۔ میں لبلبہ میں تیار ہوتا ہوں۔ میں پروٹین پر عمل کرتے ہوئے انھیں پپ ٹونس (Peptones) میں تبدیل کرتا ہوں۔ بتائیے کہ میں کون ہوں؟

2- ذیل کی تصویر میں دیے گئے آلے کا نام لکھیے؟

**Section-II** **2x2=4**

نوٹ : (1) تمام سوالات کے جواب لکھیے۔ (2) ہر سوال کے لیے 2 نشان مقرر ہیں۔

3- (A) اگر جسم میں ڈائفرم موجود نہ ہو تو کیا ہوگا؟

(B) صحت مند ہضمی نظام کو برقرار رکھنے کے لیے آپ اپنے دوستوں کو کون سی غذائی عادتوں کی تجویز پیش کروگے؟

**Section-III** **1x4=4**

نوٹ : (1) تمام سوالات کے جواب لکھیے۔ (2) ہر سوال کے لیے 4 نشان مقرر ہیں۔

4- (A) آپ کس طرح ثابت کریں گے کہ شعاعی ترکیب کے عمل کے لیے کاربن ڈائی آکسائیڈ ضروری ہے؟

(یا)

(B) دل تک خون کو پہنچانے والے اور خون کو دل سے لے جانے والے دموی وعائیوں کے درمیان فرق لکھیے؟

☆☆☆☆☆